آٹھ ہزار صحابہ کرامؓ کا بے مثال انسائیکلوپیڈیا

اُسد الغابۃ

فی

معرفۃ الصحابۃ

مصنّف

عزّ الدین ابن الاثیر ابی الحسن علی بن محمد الجزری رحمۃ اللہ علیہ

ترجمہ

مولانا محمد عبدالشکور فاروقی لکھنویؒ ◎ غلام ربانی عزیزؒ

المیزان

سلیس، بامحاورہ، جدید ترجمہ اور حواشی کے ساتھ

آٹھ ہزار صحابہ کرامؓ کا بے مثال انسائیکلوپیڈیا

اُسد الغابۃ
فی
معرفۃ الصحابۃ

حصہ یازدہم

مصنف

عز الدین بن الاثیر ابی الحسن علی بن محمد الجزری رحمۃ اللہ علیہ

ترجمہ

مولانا محمد عبدالشکور فاروقی لکھنویؒ

تسہیل، ترتیب و ترجمہ جدید

مولانا مفتی نور الاسلام حقانی
فاضل دار العلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک

مولانا محمد احمد
فاضل وفاق المدارس
فاضل جامعہ اسلامیہ امدادیہ فیصل آباد

حافظ قاری اعجاز احمد اعجاز
فاضل وفاق المدارس العربیہ پاکستان

مقدمہ

طالب الہاشمی

المیزان ناشران و تاجران کتب

الکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور پاکستان

المیزان

عصر حاضر کے تقاضوں سے ہم آہنگ

سلسلہ مطبوعات۔ ۰۳۳/۳

محمد شاہد عادل نے
حاجی حنیف پرنٹرز سے چھپوا کر
المیزان اُردو بازار لاہور سے شائع کی۔

خدمت میں اس وقت حاضر ہوا جب آپ نماز مغرب ادا کر رہے تھے فرمایا اے حذیفہ! یہ شخص جو ابھی آیا تھا تو نے دیکھا تھا فرمایا یہ فرشتہ تھا جو مجھے یہ بشارت دینے آیا تھا کہ حسن اور حسین جنتیوں کے سردار ہیں۔ فاطمہ جنتیوں کی سردار ہیں۔ ابن مندہ اور ابونعیم نے ان کا ذکر کیا ہے۔

۷۴۰۴۔ سیدہ ام حرامؓ دختر ملحان

ام حرام دختر ملحان بن خالد بن زید بن حرام بن جندب بن عامر بن غنم بن عدی بن نجار انصار یہ خزرجیہ ان کی والدہ کا نام ملیکہ دختر مالک بن عدی بن زید مناۃ بن عدی بن عمرو بن مالک بن نجار تھا اور ام حرام انس بن مالک کی خالہ تھیں اور عبادہ بن صامت کی زوجہ اور ان کا نام رمیصاء تھا اور ایک روایت میں غمیصاء مذکور ہے لیکن ان کا صحیح نام معلوم نہیں ہو سکا حضور اکرمؐ ان کا احترام فرماتے اور ان سے ملاقات کو جاتے اور وہاں قیلولہ فرماتے آپ نے انہیں بتایا کہ انہیں شہادت نصیب ہوگی۔

ابو یاسر نے باسنادہ عبداللہ بن احمد سے انہوں نے اپنے والد سے انہوں نے عبدالصمد سے انہوں نے اپنے والد سے انہوں نے یحییٰ بن سعید سے انہوں نے محمد بن یحییٰ بن حبان سے انہوں نے انس بن مالک سے انہوں نے اپنی خالہ ام حرام سے روایت کی کہ حضور اکرم ﷺ ان کے گھر تشریف لائے قیلولہ فرمایا جب جاگے تو مسکرا رہے تھے۔ میں نے وجہ پوچھی تو فرمایا۔ میری امت کے کچھ لوگ مجھے دکھائے گئے جو بحر اخضر کی سطح پر اس طرح بیٹھے ہوئے تھے جس طرح بادشاہ تخت پر بیٹھتے ہیں میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! دعا فرمایئے کہ مجھے ان میں شمولیت کا موقعہ ملے فرمایا تو انہی میں سے ہے۔

آپ پھر سو گئے اور جب جاگے تو مسکرا رہے تھے میں نے وجہ دریافت کی تو مجھے وہی جواب دیا جو پہلی دفعہ دیا تھا میں نے گزارش کی یا رسول اللہ دعا فرمایئے کہ خدا مجھے اس میں شامل فرمائے فرمایا تم تو پہلے گروہ میں شامل ہو چکی ہو۔

عبادہ بن صامت نے ان سے نکاح کرایا اور وہ انہیں ساتھ لے کر بغرض سیاحت ساتھ لے گئے جب سمندر کو عبور کر چکے تو خاتون ایک چارپائے پر سوار ہوئیں جس نے انہیں گرا دیا اور وہ فوت ہو گئیں۔ یہ حادثہ جنگ قبرص میں پیش آیا اور انہیں وہیں دفن کر دیا گیا خلافت عثمان میں اس لشکر کے امیر معاویہ بن ابی سفیانؓ تھے اور ابوذر اور ابوالدرداء کے علاوہ کئی اور صحابہ ان کے ساتھ تھے یہ واقعہ ستائیسویں سال ہجری کا ہے۔ تینوں نے ذکر کیا ہے۔

۷۴۰۵۔ سیدہ ام حرملہؓ دختر عبدالاسود

ام حرملہ دختر عبدالاسود بن خزیمہ بن اقیش بن عامر بن بیاضہ بن سبیع بن جعثمہ بن سعد بن ملیح بن عمرو بن خزاعہ بقول ابن اسحاق آغاز بعثت میں اسلام قبول کیا اور پھر اپنے شوہر جہم بن قیس بن عبد بن شرحبیل کے ساتھ حبشہ کو ہجرت کی ابوعمر اور ابوموسیٰ نے ان کا ذکر کیا ہے اور ابوموسیٰ نے ان کا نسب لکھا ہے۔

۷۴۰۶۔ سیدہ ام حسانؓ دختر شداد

ام حسان دختر شداد ہم نے ان کے بیٹے حسان کے ترجمے میں ان کا ذکر کیا ہے۔ ابوموسیٰ نے ان کا ذکر کیا ہے۔